اپنے مردم شماری فارم 2010 کا جواب دینا محفوظ ہے، اور یہ آپ کے معاشرے کے لئے ضروری ہے۔

سوال: **مردم شماری 2010 کیوں اہم ہے؟**

جواب: امریکی آئین ہر 10 سال پر ریاستہائے متحدہ میں رہنے والے ہر شخص کو نسلی پس منظر، عمر یا ویزا کی حیثیت سے قطع نظر، شمار کیے جانے کا تقاضا کرتا ہے۔ اس مردم شماری فارم 2010 میں درج آپ کی معلومات حکومت کے ذریعہ اس بات کا تعیّن کرنے میں استعمال ہوگی کہ آپ کے معاشرے کو 400 بلین ڈالر سے زیادہ کے وفاقی فنڈوں سے ہر سال کتنی زیادہ رقم حاصل ہوپائے گی۔

سوال: **معاشرے کو کس قسم کے فوائد حاصل ہوسکتے ہیں؟**

جواب: 10 آسان سے سوالات کے جوابات دینے کے لئے قریب 10 منٹ کا وقت دے کر، ہم ملازمت سے متعلق تربیت کو بڑھانے، تعلیم میں بہتری لانے، خدمات عامّہ میں اعانت کرنے، اور زیادہ سے زیادہ طبّی خدمات، نیز دیگر اصلاحات لاگو کرنے میں مدد کرسکتے ہیں۔

سوال: **مجھےکس طرح اس بات کا یقین ہوسکتا ہے کہ میری معلومات محفوظ ہے؟**

جواب: آپ کی ساری معلومات خفیہ ہے اور قانون کسی بھی دیگر سرکاری ایجنسی کے ساتھ اس کا اشتراک کرنے کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ درحقیقت، آپ کی کوئی بھی معلومات آپ کے خلاف استعمال نہیں ہوسکتی ہے، اور یہاں تک کہ مردم شماری فارم 2010 میں آپ کے ویزا کی حیثیت، مذہب اور آمدنی کے بارے میں بھی نہیں پوچھا گیا ہے۔

سوال: **اگر میرا ویزا ختم ہوگیا ہے، یا میں بغیر کاغذات والا تارک وطن ہوں تو کیا ہوگا۔**

جواب: ا اس سے فرق نہیں پڑتا ہے کہ آپ کی شہریت یا ویزا کی حیثیت کیا ہے۔ قانون کے مطابق مردم شماری 2010 کے دوران امریکہ میں رہنے والے ہر شخص کو لازمی طور پر شمار کیا جائے گا.

سوال: **اگر میں اپنا مردم شماری فارم 2010 واپس نہیں بھیجتا ہوں تو کیا ہوگا؟**

جواب: اگر آپ اپنا مردم شماری فارم 2010 واپسی ڈاک سے نہیں بھیجتے ہیں تو، ایک دوست مزاج مردم شماری کا کارندہ آپ کی معلومات اکٹھا کرنے آپ کے گھر جائے گا۔ مردم شماری کے کارندے کے پاس باضابطہ شناخت نامہ ہوتا ہے، وہ رازداری کا حلف لیے ہوئے ہوتے ہیں، اور جب تک آپ کا شمار نہیں ہوجاتا وہ آپ کے گھر پر جاتے رہیں گے۔

United States Census 2010
مردم شماری، امریکہ
یہ ہمارے اختیار میں ہے۔

اردو میں معاون رہنما کیلئے، براہ کرم 2010census.gov ملاحظہ کریں۔

براہ کرم اپنا مردم شماری کا فارم آج ہی واپس بھیجیں۔



Form D-3312 (UR)